بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد

ٹیلی فون: 0412517708-09

سیکرٹری

نمبر: آر۔او 374

تاریخ: 10-11-2022

جملہ سربراہان کالجز

ملحقہ تعلیمی بورڈ، فیصل آباد

عنوان :- امتحان سیکنڈری سکول سالانہ 2022ء کے نتائج کی بنیاد پر معذور اور حفاظ قرآن طلبا/ طالبات کیلئے وظائف

مکرمی/محترمہ!

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ

آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ ہذا سیکنڈری سکول کے نتائج کی بنیاد پر فرسٹ ائیر میں داخلہ لینے والے معذور طالب علموں میں سے ایک جبکہ حفاظ قرآن پانچ طلبا اور پانچ طالبات کو خصوصی وظائف بالحاظ میرٹ دیتا ہے۔ واضح رہے کہ حفاظ قرآن کی اہلیت جانچنے کیلئے ماہ فروری میں باقاعدہ ٹیسٹ لیا جائے گا جبکہ معذور طلبا/ طالبات کو سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کا جاری کردہ مستقل معذوری سرٹیفکیٹ فراہم کرنا ہوگا۔

معذور یا حافظ قرآن طالب علم/ طالبہ جس نے امتحان سیکنڈری سکول سالانہ 2022 میں فیصل آباد بورڈ سے 60% یا زائد مارکس سے پاس کیا ہو اور اب آپ کے کالج میں فرسٹ ائیر کلاس میں زیر تعلیم ہو، کے کوائف زیر دستخطی کو مورخہ 30.01.2023 تک ارسال فرمائیں نیز ایسے طلبا/ طالبات کے کوائف ارسال کرتے وقت واضح طور پر تحریر ہو کہ وہ معذور یا حافظ قرآن ہے نیز معذور اور حافظ قرآن طلبا/ طالبات کے لئے علیحدہ علیحدہ پروفارمہ استعمال کریں۔

نوٹ: (i) شرح برائے اقامتی طالبعلم (Residential Candidates) -/1500 روپے ماہانہ جبکہ غیر اقامتی طالبعلم (Non Residential Candidates) کے لئے -/1000 روپے ماہانہ اور مبلغ -/3,000 روپے سالانہ برائے خرید کتب ہوگی۔

(ii) طلبا و طالبات صرف ایک ہی سکالرشپ حاصل کرسکتے ہیں اس لئے بورڈ ہذا سے قائد اعظم سکالرشپ، PEEF سکالرشپ یا کسی دیگر ادارہ جات سے سکالرشپ حاصل کرنے والے طلبا و طالبات کے کوائف ارسال نہ کئے جائیں۔

مخلص

(عفت سلطانہ)

ریسرچ آفیسر

برائے سیکرٹری

فون نمبر 041-9330250